# ماڈل پیپر "آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائینگ"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II( جماعت دہم )امتحان 2014ء ومابعد

وقت: 15 منٹ | حصہ معروضی | کل نمبر:12

نوٹ:- ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) بادشاہی مسجد کے صحن کا رقبہ ہے۔

(A) 525x525فٹ (B) 530x530فٹ (C) 528x528فٹ (D) 500x500فٹ

(ii) مقبرہ شاہ رکنِ عالم کہاں واقع ہے۔

(A) کوئٹہ (B) کراچی (C) ملتان (D) پشاور

(iii) اجنتا کے غاروں کی تعداد ہے؟

(A)29 (B) 39 (C)49 (D) 59

(iv) نادرالزمان کے خطاب سے نوازا گیا۔

(A) مہر سید علی (B) ابوالحسن (C) فرخ بیگ (D) استاد منصور

(v) 1947ء میں مسلمان ملک آزاد ہوا۔

(A) افغانستان (B) ازبکستان (C) پاکستان (D) ایران

(vi) ابن مقلہ کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(A) کوفہ (B) بغداد (C) کربلا (D) نجف

(vii) پاکستان میں خطاطی کے سب سے اعلیٰ نمونے تحریر کئے گئے ہیں۔

(A) حضرت داتا گنج بخش (B) شاہ رکن علم (C) بہاؤالدین ذکریا (D) شاہ شمس

(viii) وادی سندھ کی تہذیب کا اثر کم از کم رقبہ پر پھیلا ہوا ہے۔

(A)1600 کلومیٹر (B) 1500 کلومیٹر (C) 1400 کلومیٹر (D) 1300 کلومیٹر

(ix) ہڑپہ کہاں واقع ہے؟

(A) صوبہ پنجاب (B) صوبہ سندھ (C) صوبہ بلوچستان (D) صوبہ خیبر پختونخواہ

(x) گوتم بدھ کے مجسمہ کا سائز ہے۔

(A) 53x83 سینٹی میٹر (B) 43x73 سینٹی میٹر (C) 33x63 سینٹی میٹر (D) 22x53 سینٹی میٹر

(xi) سفید ہسن اقوام نے گندھارا پر کب حملہ کیا؟

(A) 260 عیسوی (B) 360 عیسوی (C) 460 عیسوی (D) 560 عیسوی

(xii) مسجد مہابت خاں کہاں واقع ہے۔

(A) پشاور (B) لاہور (C) کوئٹہ (D) کراچی

2

# ماڈل پیپر "آرٹ اینڈ ماڈل ڈرائینگ"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان 2014ء و مابعد

وقت: 2:45 گھنٹے | حصہ انشائی | کل نمبر: 63

## حصہ اول (PART-I)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 12

(i) آریہ دور کے لوگ کس قسم کی تصاویر بنانے کی مہارت رکھتے تھے۔

(ii) اجنتا کے غار کہاں واقع ہیں؟

(iii) ظہیر الدین بابر کہاں پیدا ہوا؟

(iv) مہر سید علی کو کونسے خطاب سے نوازا گیا؟

(v) پاکستان کے مشہور مصوروں کے نام لکھیے۔

(vi) خط کوفی کونسی ہجری صدی تک تحریر کیا جاتا رہا؟

(vii) خط نستعلیق کس خطاط نے ایجاد کیا۔

(viii) اُردو ٹائپ کب ایجاد ہوا؟

(ix) پاکستان کے مشہور خطاط کے نام تحریر کریں۔

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

(i) دنیا کی پہلی بڑی سلطنت کتنے سال تک قائم رہی؟

(ii) لودھی خاندان کا دورِ حکومت کب ختم ہوا؟

(iii) باب السلام کس صوبہ کو کہا جاتا ہے؟

(iv) شاہ رکن عالم کا حضرت بہاؤالدین زکریا سے کیا رشتہ تھا؟

(v) جان بابا کا مقبرہ کہاں واقع ہے؟

(vi) شیش محل کا اصلی نام کیا ہے؟

(vii) شاہجہاں کا پسندیدہ پتھر کونسا تھا؟

(viii) بادشاہی مسجد کب تعمیر ہوئی؟

-4 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

(i) موہنجوداڑو کہاں واقع ہے؟

(ii) ہڑپہ اور موہنجوداڑو کے شہروں کا رقبہ بتائیں؟

(iii) موہنجوداڑو سے ملنے والی مہریں کونسی دھات سے بنی ہوئی ہیں؟

(iv) گندھارا تہذیب کے آثار کن کن شہروں میں پائے جاتے ہیں؟

(v) بدھ مذہب کا روحانی پیشوا کون تھا؟

(vi) گندھارا میں بدھ مذہب کا زوال کب شروع ہوا؟

(vii) اسٹوپا سے کیا مراد ہے؟

(viii) بہاؤالدین زکریا نے کب وفات پائی؟

(3)

# (PART-II حصہ دوم)

کوئی سے دوسوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 مغلیہ دور کی مشہور تعمیرات کون کون سی ہیں۔ان میں سے کسی ایک کے بارے میں تحریر کریں 10 1/2

-6 وادی سندھ کی تہذیب کے متعلق آپ جو کچھ جانتے ہیں بیان کیجیے۔ 10 1/2

-7 فنون لطیفہ کا تاریخی پس منظر بیان کریں۔ 10 1/2

# (PART-III حصہ سوم)

نوٹ:۔ کوئی سا ایک سوال تحریر کیجیئے ۔( حصہ عملی)

(i) کہانی پیاسا کوا کی رنگ آرائی کے مراحل بیان کیجیے۔ 10

(ii) پھولدان کی رنگ آرائی کے مراحل بیان کیجیے۔ 10